لندن میں ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک کی ملاقات

جناب الطاف حسین کو صدر آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی کا خیر سگالی کا پیغام پہنچایا

دونوں جماعتوں کے درمیان تمام معاملات کو افہام وتفہیم کے ذریعے حل کیا جائے گا

رحمٰن ملک کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے بھی ملاقات، دونوں جماعتوں کے باہمی تعلقات کے بارے میں تفصیلی بات چیت ہوئی

دونوں جماعتوں کے مابین آپس میں پیدا ہونے والی غلط فہمیوں کو بات چیت کے ذریعے دور کرنے کی پالیسی پر عمل کیا جاتا رہے گا

آئندہ کسی بھی ایشو کے بارے میں باہمی اختلافات سے بچنے کیلئے دونوں جماعتوں کی اعلیٰ قیادت کی باہمی مشاورت کو یقینی بنایا جائے گا۔

رحمٰن ملک اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی بات چیت میں اتفاق

لندن۔۔۔29 نومبر 2009ء

وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے ہفتہ کی شب ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات کی اور انہیں صدر پاکستان آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی کا خیر سگالی کا پیغام پہنچایا۔ملاقات میں ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی کے باہمی تعلقات اور ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر بات چیت کی گئی۔ملاقات میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ دونوں جماعتوں کے درمیان تمام معاملات کو افہام وتفہیم کے ذریعے حل کیا جائے گا اور دونوں جماعتیں ہمیشہ کی طرح ملک وقوم کے مفاد اور جمہوری نظام کے استحکام کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہیں گی۔رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین کی جانب سے صدر آصف زرداری کے بیان کے جواب میں جاری کئے جانیوالے اس خیر مقدمی بیان کو بھی سراہا جس میں جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے رہنماؤں کو موجودہ سیاسی فضاء کو مثبت بنانے کیلئے فہم وفراست اور تدبر سے کام لینے کی ہدایت کی ہے۔وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین کو پاکستان میں دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں ہونے والی پیش رفت اور سیکوریٹی کی صورتحال سے بھی آگاہ کیا۔قبل ازیں رحمٰن ملک کی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے تفصیلی ملاقات ہوئی جس میں دونوں جماعتوں کے باہمی تعلقات کے بارے میں کھل کر بات چیت ہوئی۔بات چیت میں رابطہ کمیٹی کے ارکان محمد انور، سلیم شہزاد، طارق جاوید، انیس ایڈوکیٹ، آصف صدیقی اور مصطفیٰ عزیز آبادی شریک تھے۔رابطہ کمیٹی سے ہونے والی ملاقات میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ دونوں جماعتوں کے مابین آپس میں پیدا ہونے والی غلط فہمیوں کو بات چیت کے ذریعے دور کرنے کی پالیسی پر عمل کیا جاتا رہے گا اور دونوں جانب سے ایسا کوئی بیان نہیں دیا جائے گا جو آپس میں غلط فہمیاں پیدا کرنے کا سبب بنے۔ملاقات میں اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا کہ آئندہ کسی بھی ایشو کے بارے میں باہمی اختلافات سے بچنے کیلئے دونوں جماعتوں کی اعلیٰ قیادت کی باہمی مشاورت کو یقینی بنایا جائے گا اور اس عمل کو تسلسل کے ساتھ جاری رکھا جائے گا۔

وہ دن دور نہیں جب پورے پاکستان میں ایم کیوایم کا ہی نعرہ گونجے گا۔الطاف حسین

ایم کیوایم اب صرف قربانی کی کھالیں جمع کرنے ہی میں نہیں بلکہ ہر شعبہ میں ریکارڈ توڑے گی

کارکنوں نے جس طرح قربانی کی کھالیں جمع کرنے میں ماضی کا ریکارڈ توڑا ہے اس پر میں تحریک کے ایک ایک کارکن کو سینے سے لگا کر شاباش پیش کرتا ہوں۔کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ میں کارکنوں اور ذمہ داروں سے گفتگو

لندن۔۔۔29 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم اب صرف قربانی کی کھالیں جمع کرنے ہی میں نہیں بلکہ ہر شعبہ میں ریکارڈ توڑے گی اور وہ دن دور نہیں جب پورے پاکستان میں ایم کیوایم کا ہی نعرہ گونجے گا۔انہوں نے یہ بات اتوار کی شام کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ میں کارکنوں اور ذمہ داروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر اراکین رابطہ کمیٹی اور حق پرست ارکان اسمبلی اور وزراء بھی موجود تھے۔جناب الطاف حسین نے کارکنوں کو شاباش پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنوں اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں نے جس طرح قربانی کی کھالیں جمع کرنے میں ماضی کا ریکارڈ توڑا ہے اس پر میں تحریک کے ایک ایک کارکن کو سینے سے لگا کر شاباش پیش کرتا ہوں اور پیار کرتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ اس مرتبہ کراچی سے کشمور اور کشمور سے کشمیر تک کارکنان نے قربانی کی کھالیں جمع کی ہیں اور ماضی کے

ریکارڈ توڑ دیئے ہیں۔ انہوں نے سندھ کے ساتھ ساتھ پنجاب، سرحد، بلوچستان، گلگت بلتستان، فاٹا اور آزاد کشمیر کے کارکنوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کارکنوں سے کہا کہ آپ مشن ومقصد کیلئے جس طرح بھوک پیاس کی پرواہ کئے بغیر رات دن کام میں مصروف ہیں اس کی مثال پوری دنیا کی کوئی بھی سیاسی جماعت پیش نہیں کرسکتی، جیسے محنتی، جفاکش اور پرخلوص کارکن ایم کیوایم میں ہیں ایسے کارکن دنیا کی کسی بھی جماعت میں نہیں ہیں۔ جناب الطاف حسین نے پاکستان اورلندن کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان، تمام حق پرست ارکان اسمبلی، وزراء، ناظمین، کونسلروں، خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں، قربانی کی کھالوں کونمک لگانے اورمحفوظ کرنے میں مصروف محنت کشوں اورٹھیکیداروں کوبھی خراج تحسین پیش کیا۔

☆☆☆☆☆